احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

روزنامہ

CPL 61

# الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

PH: 0092 4524 213029

جمعرات 19 اپریل 2001ء - 24 محرم 1422 ہجری - 19 - شہادت 1380 ھش جلد 51-86 نمبر 85




## غیبت کیا ہے

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہیں معلوم ہے غیبت کیا ہے؟ صحابہؓ نے عرض کیا اللہ اور اس کا رسولؐ بہتر جانتے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا۔ اپنے بھائی کا اس کی پیٹھ پیچھے اس رنگ میں ذکر کرنا جسے وہ پسند نہیں کرتا۔ عرض کیا گیا کہ اگر وہ بات جو کہی گئی ہے سچ ہو اور میرے بھائی میں وہ موجود ہو تب بھی یہ غیبت ہو گی؟ آپؐ نے فرمایا۔ اگر وہ عیب اس میں پایا جاتا ہے جس کا تو نے اس کی پیٹھ پیچھے ذکر کیا ہے تو یہ غیبت ہے اور اگر وہ بات جو تو نے کہی ہے اس میں پائی ہی نہیں جاتی تو یہ اس پر بہتان ہے۔ (مسلم کتاب البر والصلۃ باب تحریم الغیبۃ)

# ارشادات عالیہ حضرت بانیٔ سلسلہ احمدیہ

ہماری جماعت کو چاہئے کہ کسی بھائی کا عیب دیکھ کر اس کے لئے دعا کریں، لیکن اگر وہ دعا نہیں کرتے اور اس کو بیان کر کے دور سلسلہ چلاتے ہیں تو گناہ کرتے ہیں۔ کونسا ایسا عیب ہے جو کہ دور نہیں ہو سکتا۔ اس لئے ہمیشہ دعا کے ذریعہ سے دوسرے بھائی کی مدد کرنی چاہئے۔

ایک صوفی کے دو مرید تھے۔ ایک نے شراب پی اور نالی میں بیہوش ہو کر گرا۔ دوسرے نے صوفی سے شکایت کی۔ اس نے کہا تو بڑا بے ادب ہے کہ اس کی شکایت کرتا ہے اور جا کر اٹھا نہیں لاتا۔ وہ اسی وقت گیا اور اسے اٹھا کر لے چلا۔ کہتے تھے کہ ایک نے تو بہت شراب پی لیکن دوسرے نے کم پی کہ اسے اٹھا کر لے جا رہا ہے۔ صوفی کا یہ مطلب تھا کہ تو نے اپنے بھائی کی غیبت کیوں کی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے غیبت کا حال پوچھا تو فرمایا کہ کسی کی سچی بات کا اس کی عدم موجودگی میں اس طرح سے بیان کرنا کہ اگر وہ موجود ہو تو اسے بُرا لگے غیبت ہے۔ اور اگر وہ بات اس میں نہیں ہے اور تو بیان کرتا ہے، تو اس کا نام بہتان ہے۔ خدا تعالیٰ فرماتا ہے۔ (اور تم میں سے بعض، بعض کی غیبت نہ کیا کریں۔ کیا تم میں سے کوئی اپنے مُردہ بھائی کا گوشت کھانا پسند کرتا ہے) اس میں غیبت کرنے کو ایک بھائی کا گوشت کھانے سے تعبیر کیا گیا ہے۔

(ملفوظات جلد چہارم صفحہ 60)

## غیبت سے اجتناب کی تلقین

(حضرت خلیفۃ المسیح الثانی)

غیبت کے متعلق بعض لوگوں میں یہ غلط فہمی پائی جاتی ہے کہ اگر کسی کا کوئی سچا عیب اس کی عدم موجودگی میں بیان کیا جائے تو وہ غیبت میں داخل نہیں ہوتا ہاں اگر جھوٹی بات بیان کی جائے تو وہ غیبت ہوتی ہے حالانکہ یہ صحیح نہیں۔ غیبت کا اطلاق ہمیشہ ایسی سچی بات پر ہوتا ہے جو کسی دوسرے کو بدنام کرنے کے لئے اس کی غیر حاضری میں بیان کی جائے اگر جھوٹی بات بیان کی جائے گی تو وہ غیبت نہیں بلکہ بہتان ہو گا احادیث میں آتا ہے کہ ایک دفعہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک شخص نے کہا یا رسول اللہ غیبت تو بری چیز ہوئی اگر اپنے بھائی کا کوئی سچا عیب اس کی عدم موجودگی میں بیان کیا جائے تو آیا یہ تو منع نہیں؟ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کسی کی عدم موجودگی میں اس کا سچا عیب بیان کرنا ہی غیبت ہے ورنہ اگر دوسرے کے متعلق جھوٹی بات بیان کی جائے تو یہ بہتان بن جائے گا۔ (دین) نے غیبت کی ممانعت کے متعلق جو حکم دیا ہے اس میں حکمت یہ ہے کہ بسا اوقات انسان دوسرے کے متعلق ایک رائے قائم کرتا ہے اور وہ اپنے آپ کو اس رائے میں حق بجانب بھی سمجھتا ہے لیکن درحقیقت اس کی رائے صحیح نہیں ہوتی۔ ہم نے بیسیوں دفعہ دیکھا ہے کہ ایک شخص دوسرے کے متعلق ایک قطعی رائے قائم کر لیتا ہے اور اسے یقین ہوتا ہے کہ میری رائے درست ہے لیکن ہوتی غلط ہے ایسی صورت میں اگر دوسرا شخص سامنے بیٹھا ہو گا اور اس کے متعلق کسی رائے کا اظہار کیا جائے گا تو لازماً وہ اپنی براءت کرے گا اور کہے گا کہ تمہیں میرے متعلق غلط فہمی ہوئی ہے میرے اندر یہ نقص نہیں پایا جاتا۔ پس خواہ کسی کے نزدیک کوئی بات سچی ہو جب وہ دوسرے شخص کی عدم موجودگی میں بیان کرتا ہے اور وہ بات ایسی ہے جس سے اس کے بھائی کی عزت کی تنقیص ہوتی ہے یا اس کے علم کی تنقیص ہوتی ہے یا اس کے رتبہ کی تنقیص ہوتی ہے تو قرآن کریم اور احادیث کی رو سے وہ گناہ کا ارتکاب کرتا ہے کیونکہ اس طرح اس نے اپنے بھائی کو اپنی براءت پیش کرنے کے حق سے محروم کر دیا ہے۔

(تفسیر کبیر جلد نہم ص 579)

آنکھ تر ہے دل میں میرے درد ہے
کیوں دلوں پر اس قدر یہ گرد ہے
دل ہوا جاتا ہے ہر دم بے قرار
کس بیاباں میں نکالوں یہ بخار

(درثمین)

## عیب جوئی کا علاج

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ فرماتے ہیں:

جن کو دوسروں کی عیب جوئی اور ان میں نقص تلاش کرنے کی عادت ہو ایسے مریضوں کی ذہنی حالت کو درست کرنے کے لئے نکس وامیکا ایک ہزار یا اونچی طاقت میں دیں تو اچھا اثر کرتی ہے۔ جن جماعتوں میں فساد پڑ جائے ایسے صدران پہلے نکس وامیکا استعمال کریں پھر شکایت کریں۔

(الفضل 30 جولائی 1994ء)

## عطیہ برائے گندم

ہر سال مستحقین میں گندم بطور امداد تقسیم کی جاتی ہے۔ اس کار خیر میں ہر سال بڑی تعداد میں مخلصین جماعت حصہ لیتے ہیں۔ لہٰذا ہمدرد مخلصین جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنی نعمتوں اور برکتوں سے نوازا ہے۔ ان کی خدمت میں درخواست ہے۔ کہ اس کار خیر میں فراخ دلی سے حصہ لیں۔

جملہ نقد عطیہ بمد گندم نمبر 135-3/4550 معرفت افسر صاحب خزانہ صدر انجمن احمدیہ ربوہ ارسال فرمائیں۔

(صدر کمیٹی)

## "اعلان داخلہ طلبا و طالبات"

"نصرت جہاں اکیڈمی کے پرائمری سیکشن کی کلاسز چہارم اور پنجم میں محدود نشستوں کے لئے داخلہ ٹیسٹ درج ذیل شیڈول کے مطابق ہو گا۔

22-4-2001 - انگلش اور ریاضی

23-4-2001 - سائنس

(پرنسپل نصرت جہاں اکیڈمی ربوہ)

## ہومیو پیتھک علمی نشست

مورخہ 29-اپریل 2001ء شام پانچ بجے نصرت جہاں اکیڈمی کے ہال میں ہیپاٹائٹس کے موضوع پر ہومیو پیتھک علمی نشست منعقد کی جائے گی۔ جس میں ہومیو پیتھک ڈاکٹر سجاد حسن خان صاحب آف لاہور شریک ہوں گے۔ دلچسپی رکھنے والے احباب وخواتین سے شرکت کی درخواست ہے۔

(صدر احمدیہ ہومیو پیتھک ایسوسی ایشن)

# عرفانِ حدیث نمبر 72

مرتبہ: عبدالسمیع خان

## پانچ اہم نصائح

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا اے ابوہریرہ تقویٰ اختیار کر تو سب سے بڑا عبادت گزار بن جائے گا۔ اور قناعت اختیار کر تو سب سے بڑا شکرگزار بن جائے گا۔ اور لوگوں کے لئے وہی کچھ پسند کر جو تو اپنے لئے کرتا ہے تو مومن بن جائے گا۔ اور پڑوسی سے حسن سلوک کر تو حقیقی مسلمان ہو جائے گا۔ اور کم ہنسا کرو کیونکہ بہت زیادہ ہنسی دل کو مردہ کر دیتی ہے۔

(سنن ابن ماجہ کتاب الزھد باب الورع حدیث نمبر 4207)

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ اس حدیث کی تشریح میں فرماتے ہیں

۔ابوہریرہ ؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے ایک بار ان کو مخاطب کرکے فرمایا اے ابوہریرہ تقویٰ اور پرہیزگاری اختیار کر تو سب سے بڑا عبادت گزار بن جائے گا یعنی تقویٰ اور اور پرہیزگاری ہو تو پھر عبادت نصیب ہوا کرتی ہے۔ اگر تقویٰ نہ ہو تو عبادت کیسی عبادت کی جان تقویٰ ہے تقویٰ نہ ہو تو عبادت ہو ہی نہیں سکتی۔ ناممکن ہے جتنا تقویٰ انسان کا بڑھے گا اتنا اس کی عبادت کا معیار بڑھے گا۔ فرمایا تقویٰ اور پرہیزگاری اختیار کر تو سب سے بڑا عبادت گزار بن جائے گا۔

اب حضرت ابوہریرہؓ سب سے بڑے عبادت گزار کیسے بن سکتے تھے۔ سب سے بڑے عبادت گزار تو رسول اللہ ﷺ تھے۔ مگر آپ عبادت گزار سب سے بڑے بنے اس لئے تھے کہ آپ تقویٰ میں سب سے بڑے تھے۔ تو تُو کا محاورہ ایک محاورہ ہے' مراد ہے جو بھی تقویٰ میں سب سے آگے ہو گا وہ عبادت گزاری میں بھی سب سے زیادہ ہو جائے گا اور یہ بات اپنے نفس کو جانتے ہوئے آپ کر رہے تھے یہ خیالی فرضی بات نہیں ہے۔ تو حضور اکرم ﷺ بسا اوقات اپنی خوبیوں کو چھپانے کی خاطر اس رنگ میں کلام فرماتے تھے کہ عامۃ الناس کو پیغام بھی پہنچ جائے اور پتہ بھی نہ چلے کہ رسول اللہ ﷺ اپنی ہی بات کر رہے ہیں۔ اب یہ دیکھ لیں لازماً رسول اللہ ﷺ اپنی مثال دے رہے ہیں ورنہ ابوہریرہ بے چارے میں کیا مجال تھی کہ وہ تقویٰ میں سب دنیا سے آگے بڑھ جائے جبکہ تقویٰ میں سب سے بڑھا ہوا اور عبادت میں سب سے بڑھا ہوا سامنے موجود تھا' وہی بات کر رہا تھا۔

پھر فرمایا قناعت اختیار کر تو سب سے بڑا شکرگزار شمار ہو گا۔ اب وہی مضمون جو میں پہلے آپ کے سامنے عرض کر چکا ہوں قناعت کا شکر سے بہت گہرا تعلق ہے۔ قناعت کا مطلب ہے تھوڑے پر بھی راضی ہو جانا اور قناعت ایسی کہ دنیا کا سب سے زیادہ شکرگزار بن جائے۔ یہ رسول اللہ کی قناعت کے سوا کسی اور قناعت کا ذکر ہو ہی نہیں سکتا۔ ناممکن ہے کہ آنحضور ﷺ کے سوا اس وقت اور آج یا آئندہ یا اس سے پہلے کبھی کوئی ایسا پیدا ہوا ہو جس نے قناعت ایسی اختیار کی ہو کہ خدا کا سب سے زیادہ شکرگزار بندہ بن گیا ہو۔ تو ابوہریرہؓ کو مخاطب کر کے وہ باتیں کہہ رہے ہیں جو اپنی سیرت کے نمونے ہیں۔

قناعت کے مضمون میں رسول اللہ ﷺ کی زندگی پر اگر آپ غور کریں تو یہ مضمون بھی داخل ہے کہ آپؐ کو خدا تعالیٰ نے بے انتہاء دیا مگر آپ میں یہ حوصلہ تھا کوئی بناوٹ نہیں تھی کہ وہ خدا تعالیٰ کے شکر ادا کرنے کی خاطر اس کے بندوں میں تقسیم کر دیا اور بعینہ یہ یہی سیرت حضرت مسیح موعود(ـ) نے اپنے آقا سے سیکھی تھی۔ اب اس پر اگر آپ تقنع سے کوشش کریں گے تو آپ ہار جائیں گے اور ہو سکتا ہے ٹوٹ کر رہ جائیں۔ مگر اگر قناعت کے مضمون کو سمجھتے ہوئے شکر ادا کرنے کی کوشش کرتے رہیں گے تو رفتہ رفتہ آپ کا حوصلہ بڑھنے لگے گا اور جو نعمت اللہ تعالیٰ آپ کو عطا کرتا چلا جائے گا آپ اس میں دوسروں کو شریک کرتے رہیں گے۔

پھر فرمایا جو اپنے لئے پسند کرتے ہو وہی دوسروں کے لئے پسند کرو۔ یہ تو نہیں ہو سکتا کہ تم قناعت بھی کر رہے ہو' شکر بھی ادا کر رہے ہو اللہ کا لیکن اپنے لئے کچھ اور پسند کرو' دوسروں کے لئے کچھ اور پسند کرو۔ اس میں صدقات کی حکمت سکھا دی گئی ہے اور اس حکمت پر غور بہت ضروری ہے۔ پھٹے پرانے کپڑے غریبوں میں تقسیم کرنا ہرگز صدقہ نہیں ہے۔ ایسا کھانا غریبوں میں تقسیم کرنا جس میں کچھ بدبو پیدا ہو چکی ہو یہ ہرگز صدقہ نہیں ہے۔ رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں جو اپنے لئے پسند کرو وہ دوسروں کے لئے پسند کرو۔ تو جب بھی آپ خدا کی خاطر صدقہ دینا چاہیں تو اپنے کپڑوں میں سے بھی اچھے چنا کریں اور ایسے حال میں چن لیا کریں جب آپ ان کو خود پہنیں تو آپ کو شرم نہ آئے جو اگر پرانا بھی ہو تو وہ رضائے باری تعالیٰ کی خاطر ہو گا کیونکہ اس پرانے میں ابھی اتنی بوسیدگی نہیں آئی کہ آپ اسے پھینک دیں یا اسے پہنتے وقت شرم محسوس کریں۔ پہنا ہوا کپڑا آپ استعمال کریں تو کوئی حرج نہیں۔ حضرت مسیح موعود(ـ) نے بھی ایک دفعہ حضرت نواب صاحب کا پہنا ہوا کوٹ خود استعمال کر لیا تھا۔ کیونکہ آپ نے اس نیت سے بھیجا تھا کہ کسی ضرورت مند کو جو اس کو پہن کر شرم محسوس نہ کرے یا ضرورت مند کو دے دیا جائے۔ چونکہ خود وہ سمجھتے تھے کہ میرے پہننے کے لائق نہیں رہا تو حضرت مسیح موعود(ـ) نے ایک عظیم سبق سکھایا کہ وہ کوٹ اپنے لئے لیا اور خود پہنا جس کا مطلب یہ تھا کہ مسیح موعود(ـ) نے ان کا بھی پردہ رکھ لیا' یہ کوٹ ابھی ایسا ردی نہیں ہوا کہ کوئی پہن نہ سکے' میں پہن رہا ہوں اور پھر مجھے اب یاد نہیں وہ کوٹ کسی کو دیا تو پہننے کے بعد دیا ہو گا تا کہ کوئی یہ نہ سمجھے کہ ایک ردی اور بیکار چیز دی گئی ہے۔ اور حضرت مسیح موعود(ـ) کا تو پھٹا پرانا بھی ایک نعمت عظمیٰ ہوا کرتا تھا۔

تو یہ مضمون ہے جو اس کو سمجھ لیں اپنے کپڑے اس وقت لوگوں کو دیا کریں جب وہ ابھی آپ کے کام کے ہوں اور نیا دے سکیں تو نیا بھی دیں اور نیا خرید کر بھی دے سکتے ہوں تو نیا خرید کے بھی تحفے دیں۔ تو اپنے تحفوں میں اپنی پسند کو ملحوظ رکھیں جو چیز پسند ہو وہ دیا کریں۔ کھانا پسند ہو جو پسند کھانا ہے وہ دیا کریں' جو کپڑا پسند ہے وہ پسند والا کپڑا دیا کریں۔ فرمایا یہ کیوں ضروری ہے۔ مومن ہونے کے لئے ضروری ہے۔ اگر تم سچے مومن ہو' ایمان لاتے ہو اللہ پر اور ایمان کا ایک معنی ہے اس پر توکل اور انحصار کرنا' اس کی حفاظت میں آ جانا تو پھر یہ طریق اختیار کرو اور سچے مومن بن کر لوگوں کو اپنی پسند کی چیزیں دیا کرو۔

پھر فرمایا جو تیرے پڑوس میں بستا ہے اس سے اچھے پڑوسیوں والا سلوک کرو تو سچے اور حقیقی (ـ) کہلا سکو گے یعنی پڑوسیوں کو کسی قسم کا دکھ نہ دو انہیں تمہاری طرف سے کوئی تکلیف نہ پہنچے بلکہ امن میں ہوں۔ (ـ) کا معنی ہے جس سے ایک انسان امن میں ہو۔ تو پڑوسی تم سے امن میں ہوں تو پھر سب دنیا تم سے امن میں ہے اگر پڑوسی ہی امن میں نہیں تو دنیا میں کوئی بھی تم سے امن میں نہیں ہو گا۔

اور آخر پر یہ کہ کم ہنسا کرو اور بہت زیادہ قہقہے لگانا اور ہنسنا' قہقہے تو ترجمے والوں نے لکھ دیا ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے کثرت سے ہنستے ہی چلے جانا اور یہی عادت ثانیہ فطرت ثانیہ بنا لینا کہ ہر وقت تمخول اور ٹھٹھے کا شغل ہے اور کبھی بھی آنکھیں خدا ترسی میں آنسو نہیں بہاتیں' سنجیدہ باتوں میں دل بالکل نہیں لگتا صرف تمسخر' صرف مذاق اگر یہ کرو

باقی صفحہ 7 پر

پبلشر آغا سیف اللہ۔ پرنٹر قاضی منیر احمد۔ مطبع ضیاء الاسلام پریس۔ مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے۔ سالانہ 900 روپے

مرتبہ: فرخ سلطانی

قسط اول

# کلید مجلس عرفان

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے سوال و جواب کی یہ فہرست حضور کی مجالس عرفان، لجنہ سے ملاقات، اطفال سے ملاقات، جرمن خواتین سے ملاقات، سے مرتب کی گئی ہے جو 2000ء کے دوران الفضل میں شائع ہوتی رہیں۔

## اللہ تعالیٰ

| | |
|---|---|
| کیا اللہ ہر جگہ ہے | 16مارچ |
| اللہ کے لئے "ہم" کا صیغہ | 16مارچ |
| خدا کی وحدانیت کا ثبوت | 4فروری |
| اللہ کے 99 نام کیوں ہیں | 19/اگست |
| اللہ تعالیٰ ہم سے کیا چاہتا ہے | 31/اگست |
| اللہ کی قدر نہ کرنے سے کیا مراد ہے | 9ستمبر |
| کیا اللہ شرک کو معاف نہیں کرے گا | یکم جولائی |
| اللہ کے ارادے سے کیا مراد ہے | 22جولائی |
| خدا کے خوف سے کیا مراد ہے | 3/اپریل |
| اللہ کی نشانیوں پر غور کا کیا طریق ہے | 9ستمبر |
| اللہ نے سمندر میں مچھلیاں کیوں بنائیں جو نظر بھی نہیں آتیں | 31/اگست |
| اللہ شیطان کو مارتا کیوں نہیں | 19/اگست |

## فرشتے

| | |
|---|---|
| کیا صرف جبرئیل وحی لاتے ہیں | 23فروری |
| کیا فرشتے خدا کو دیکھ سکتے ہیں | 22جولائی |
| حضرت مسیح موعود کے فقرہ "ہر چیز فرشتہ ہے" کا کیا مطلب ہے | 24مارچ |

## رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

| | |
|---|---|
| محمدؐ کا کیا مطلب ہے | 23فروری |
| رسول اللہ کے والدین کا مذہب کیا تھا | 23فروری |
| رسول اللہ کا پیدائش کے وقت کیا مذہب تھا | 16مارچ |
| رسول اللہ سر پر کیا پہنتے تھے | 28جولائی |
| کیا رسول اللہ کے کپڑے کہیں محفوظ ہیں | 7جولائی |
| کیا شاہی مسجد لاہور کے تبرکات اصلی ہیں | 21/اپریل |
| حضورؐ لشکر میں کہاں ہوتے تھے | 9ستمبر |
| رسول اللہ سے پردہ | 31/اگست |
| حضور کا جنازہ کس نے پڑھایا | 21/اپریل |
| رسول اللہ کی قبر | 29مئی |
| درود شریف | 24مارچ |
| کیا درود پڑھنے کے لئے پاکیزگی ضروری ہے | 13/اپریل |
| سجدہ میں درود پڑھنا | 7جولائی |
| کیا رسول کریم اپنے پر درود پڑھتے تھے | 28/اپریل |

## انبیاء۔مذاہب

| | |
|---|---|
| ماموری کی سچائی کا معیار کتنا عرصہ ہے | 29مئی |
| انبیاء کی تدریجی ترقی | 22جولائی |
| پرانے انبیاء کی عبادت کا طریق | 27دسمبر |
| اتمام نعمت سے کیا مراد ہے | 29مئی |
| زیادہ نبی عرب ممالک میں کیوں آئے | 17جون، 24مارچ |
| غیر نبیوں کا الہام | 23فروری |
| نبی استغفار کیوں کرتے ہیں | 23فروری |
| زیادہ مذاہب کی کیا وجہ ہے | 16مارچ |
| نبی اور نجومی کی پیشگوئیوں میں کیا فرق ہے | 3/اپریل |
| کیا غیر مذاہب کی شادیوں میں شرکت کی اجازت ہے | 24مارچ |

## حضرت آدم

| | |
|---|---|
| کیا حضرت آدم سے پہلے لوگ عبادت کرتے تھے | 29مئی |
| حضرت آدم اور حوا میں سے پہلے کس کی وفات ہوئی | 13/اپریل |

## حضرت ابراہیم

| | |
|---|---|
| حضرت ابراہیم کو نبیوں کا باپ کیوں کہتے ہیں | 31/اگست |
| حضرت ابراہیم کے لئے آگ کیسے ٹھنڈی ہوگئی | 27دسمبر |
| حضرت ابراہیم کا سوال دربارہ احیاء موتیٰ | 13/اپریل |

## حضرت یوسف

| | |
|---|---|
| حضرت یوسف کا کرتہ | 7جون |
| حضرت یوسف کے بھائیوں نے صدقہ کیوں مانگا | 8مئی |

## حضرت موسیٰ

| | |
|---|---|
| موسیٰ کے حالات زندگی | 22جولائی |
| موسیٰ اور عیسیٰ کے درمیان انبیاء کی تفصیل | 22جولائی |

## یہود و نصاریٰ

| | |
|---|---|
| یہودیوں اور عیسائیوں سے کس قسم کی دوستی منع ہے | 3/اپریل |
| اہل کتاب سے شادی | 3/اپریل |
| کرسمس کیوں مناتے ہیں | 21/اپریل |

## حضرت عیسیٰ، مریم

| | |
|---|---|
| حضرت عیسیٰ کے حالات | 22جولائی |
| ان کا سفر کشمیر | 23فروری |

| | |
|---|---|
| ان کے حواری | 23 فروری |
| ان کا پیغام | 24 مارچ |
| ان کی قبر | 3/اپریل |
| ان کی شادی | 28/اپریل |
| مقدس کفن اٹلی کیسے پہنچا | 8 مئی |
| ان کی رزق کی دعا احمدی کر سکتے ہیں | 7 جولائی |
| حضرت مریم کن کی بیٹی تھیں | 4 فروری |

## بائبل

| | |
|---|---|
| بائبل میں رسول اللہ کے متعلق پیشگوئیاں | 27 دسمبر |
| کیا ہم بائبل کا مطالعہ کر سکتے ہیں | 31/اگست |
| بائبل میں جو گفتگو درج ہے کہاں سے آئی ہے | 19 مئی |

## ہندو مذہب

| | |
|---|---|
| ہندو مذہب کے بانی کون تھے | 23 فروری |
| ہندو مردے کیوں جلاتے ہیں | 16 مارچ |
| تناسخ کا خیال کہاں سے شروع ہوا | 28/اپریل. 23 ستمبر |

## سکھ مت

| | |
|---|---|
| بابا گرونانک کا سفر مکہ | 23 فروری |

## قرآن

| | |
|---|---|
| قرآن کریم کی حفاظت کا کیا ثبوت ہے | 13 مئی |
| قرآن جمع کرنے کا کیا انتظام کیا گیا | 23 فروری |
| قرآن حفظ کرنے کا آسان طریق کیا ہے | 16 مارچ |
| کاتبین قرآن کس چیز سے لکھتے تھے | 22 جولائی |
| قرآنی سورتوں کے متعدد نام | 7 جون |
| کیا سورتوں کے نام الہامی ہیں | 7 جون. 7 جولائی |
| مکی اور مدنی سورتیں | 7 جون |
| قرآنی سجدے | 16 مارچ |
| سجدہ تلاوت کی اہمیت | 8 مئی |
| کیا سجدہ تلاوت کے لئے قبلہ رخ ہونا ضروری ہے | 13/اپریل |
| کیا کسی وقت قرآن پڑھنا منع ہے | 23 ستمبر |
| سجدہ اور رکوع میں تلاوت قرآن | 9 ستمبر |
| کیا خاص ایام میں لڑکیاں قرآن پڑھ سکتی ہیں | 27 دسمبر |
| موت کے وقت سورۃ یٰسین کی تلاوت | 13/اپریل |
| کیا امتحان کی وجہ سے قرآن نہ پڑھا جائے | 24 مارچ |
| قرآن کس عمر سے شروع کرنا چاہئے | 22 جولائی |
| اگر میں قرآن ختم نہ کروں تو کیا ہوگا | 19/اگست |
| تلاوت کے وقت الفاظ پر انگلی رکھنا | 7 جولائی |
| قرآن میں رکوع کا نشان | 16 مارچ |
| سورۃ مائدہ کے احکامات | 29 مئی |
| نفس مطمئنہ سے کیا مراد ہے | 9 ستمبر |
| اتمم لنا نورنا سے کیا مطلب ہے | 8 مئی |
| قیامت کے دن ہاتھ پاؤں کی گواہی سے کیا مراد ہے | 9 ستمبر |
| الیوم اکملت لکم والی آیت سن کر ابوبکر کیوں روئے تھے | 29 مئی |
| زیتون کو بابرکت درخت کیوں کہا گیا ہے؟ | 13/اپریل |

| | |
|---|---|
| بسم اللہ کی جگہ 786 لکھنا | 23 فروری |
| قرآن میں ڈائنوسارز کا ذکر | 24 جون. 31/اگست |
| کیا حضور کے درس قرآن شائع ہوں گے | 19/اگست |
| کیا مرد کی گواہی 2 عورتوں کے برابر ہے | 29 مئی |
| اسلام اور ایمان کا فرق | 19 مئی |

## حدیث

| | |
|---|---|
| حدیث اور سنت میں کیا زیادہ اہم ہے | 19/اگست |
| حدیث کی صحت کا معیار | 4 فروری |
| تدوین حدیث | 4 فروری |
| جس گھر میں کتا اور تصویر ہو وہاں رحمت کے فرشتے نہیں آتے | 24 مارچ. 17 جون. 22 جولائی |
| مومن دوسرے کا آئینہ ہوتا ہے | 23 ستمبر |
| حدیث کسوف وخسوف | 13/اپریل |
| کیا سورج اور چاند گرہن نشان ہیں | 7 جولائی |
| الدنیا سجن للمومن | 16 مارچ |

## صحابہ رسول

| | |
|---|---|
| اصحاب صفہ | 9 ستمبر |
| صرف صحابہ کے ساتھ رضی اللہ عنہ کیوں آتا ہے | 8 مئی |
| حضرت علی کو شیر خدا کیوں کہتے ہیں | 23 فروری |
| جنگ احد میں بعض صحابہ نے درہ کیوں چھوڑ دیا | 23 فروری |

## وضو۔ نماز۔ جمعہ۔ عید۔ بیوت الذکر

| | |
|---|---|
| وضو کیوں ضروری ہے | 16 مارچ |
| اگر نماز میں وضو ٹوٹ جائے | 29 مئی |
| ہر عضو تین دفعہ کیوں دھوتے ہیں | 21/اپریل |
| اذان کیسے شروع ہوئی | 23 فروری |
| پانچ نمازوں کی کیا حکمت ہے | 16 مارچ |
| ممنوعہ اوقات نماز | 16 مارچ |
| کیا نماز کے لئے ٹوپی ضروری ہے | 16 مارچ |
| نمازی کے آگے سے گزرنا | 16 مارچ |
| نماز میں رکوع اور سجدہ کیوں ضروری ہے | 23 فروری |
| رفع یدین | 23 فروری |
| انی وجہت والی دعا کب پڑھتے ہیں | 29 مئی |
| اگر امام نماز میں قرأت کرتا ہوا بھول جائے | 29 مئی |
| نماز میں توجہ قائم رکھنے کی دعا | 17 جون |
| کیا ڈرائیور گاڑی چلاتے ہوئے نماز پڑھ سکتا ہے | 17 جون |
| سجدہ میں درود پڑھنا | 7 جولائی |
| کیا رسول کریم نماز میں اپنے لئے درود پڑھتے تھے | 28/اپریل |
| اگر آدمی بیٹھ کر نماز پڑھائے | 21/اپریل |
| اگر نماز میں دیر ہو رہی ہو تو پھر بھی چل کر آنا چاہئے | 21/اپریل |
| تصویر والے کمرے میں نماز | 22 جولائی |
| تشہد میں انگلی کیوں اٹھاتے ہیں | 13 مئی. 31/اگست |
| ظہر وعصر میں بلند قرأت کیوں نہیں کرتے | 13 مئی |
| سنتیں بیت الذکر میں ادا کرنا | 13 مئی |
| نماز کے بعد تسبیحات کی گنتی | 7 جولائی |
| وتروں کی حکمت | 16 مارچ |

| | |
|---|---|
| وتر میں ہاتھ چھوڑ کر دعا مانگنا | 23 فروری |
| دعائے قنوت صرف وتروں میں کیوں پڑھی جاتی ہے | 8 مئی |
| تراویح | 7 جولائی |
| تہجد، تراویح اور وتر | 21/اپریل |
| اگر تہجد کے وقت آنکھ نہ کھلے | 4 فروری |
| نماز جمع | 17 جون |
| کیا عصر کو مغرب کے ساتھ جمع کر سکتے ہیں | یکم جولائی |
| نمازیں جمع کرتے وقت سنتیں کیوں نہیں پڑھتے | 28/اپریل |
| نماز جنازہ کھڑے ہو کر کیوں پڑھی جاتی ہے | 21/اپریل |
| جمعہ کے دن کی کیا اہمیت ہے | 13 مئی |
| تین جمعے نہ پڑھنے والے کا دل سیاہ ہو جاتا ہے ہمیں کیا کرنا چاہئے | 13 مئی |
| نماز جمعہ میں سورۃ اعلیٰ اور غاشیہ کی تلاوت | 16 مارچ |

| | |
|---|---|
| کیا 3.30 بجے نماز جمعہ ادا کرنا درست ہے | 19 مئی |
| دو خطبوں کے درمیان بیٹھتے کیوں ہیں | 25 نومبر |
| جمعہ کے دن کس وقت دعا ضرور قبول ہوتی ہے | 21/اپریل |
| نماز عید میں تکبیرات کی حکمت کیا ہے | 28/اپریل |
| بڑی اور چھوٹی عید کہنے کی کیا وجہ ہے | 7 جولائی |
| نماز کسوف کیوں پڑھتے ہیں | 17 جون |
| کیا عورتیں نماز کی تکبیر کہہ سکتی ہیں | 13 مئی |
| عورت کی امامت | 16 مارچ |
| بیت الذکر میں مینار کیوں ہوتا ہے | 9 ستمبر |
| حضرت مصلح موعودؓ نے یورپ میں پہلی احمدیہ بیت الذکر کے لئے انگلستان کا انتخاب کیوں کیا | 8 مئی |

جاری ہے


مکرم محمود مجیب اصغر صاحب

# رسول اللہؐ کے جاں نثار عاشق - رحمت عالم کے فدائی

## حضرت سعد بن الربیعؓ - حضرت خبیب بن عدیؓ - حضرت زید بن دثنہؓ

## کے آخری لمحات کا دلگداز تذکرہ جو عشق رسولؐ سے معمور تھے

### حضرت سعد بن الربیعؓ

حضرت سعد بن الربیعؓ نے بیعت عقبہ ثانیہ کے موقعہ پر 13 نبوی میں بیعت کی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کو بنو ثعلبہ پر نقیب مقرر فرمایا جو ان کا اپنا قبیلہ تھا۔

### اخلاق و عادات

آپ بڑے مخلص اور ممتاز صحابی تھے۔ اور آپ حضرت عبدالرحمٰنؓ بن عوف کے بھائی بنائے گئے تھے۔ آپ نے نصف سامان اور ایک بیوی کو طلاق دے کر حضرت عبدالرحمٰن بن عوف کو نکاح کرنے کی پیشکش کی تھی۔

### شہادت

آپ جنگ احد میں شہید ہوئے۔ آپ کی کہانی بڑی ایمان افروز ہے روایت ہے کہ جنگ احد کے ختم ہونے پر آنحضرت ﷺ ایک نعش سے ہٹ کر دوسری نعش کی طرف جاتے تھے۔ آپؐ نے فرمایا کہ سعد بن الربیع رئیس انصار کو دیکھو کہ وہ زندہ ہیں یا شہید ہو گئے ہیں۔ ایک انصاری صحابی ابی بن کعب نے تلاش شروع کی اور آنحضرت ﷺ کا نام لے کر سعد کو پکارا۔ وہ اس وقت نزع کی حالت میں تھے۔ ابی بن کعب نے کہا مجھے رسول اللہؐ نے تمہاری حالت معلوم کرنے کے لئے بھیجا ہے۔

سعد بن الربیع نے زخمی حالت میں فرمایا:

''رسول اللہ کو میرا اسلام عرض کرنا اور کہنا کہ خدا کے رسولوں کو جو ان کے متبعین کی قربانی اور اخلاص کی وجہ سے جو ثواب ملا کرتا ہے خدا آپؐ کو وہ ثواب سارے نبیوں سے بڑھ چڑھ کر عطا فرمائے اور آپؐ کی آنکھوں کو ٹھنڈا کرے۔ اور میرے بھائی مسلمانوں کو بھی میرا اسلام پہنچانا اور میری قوم سے کہنا کہ اگر تم میں زندگی کا دم ہوتے ہوئے رسول اللہ کو کوئی تکلیف پہنچ گئی تو خدا کے سامنے تمہارا کوئی عذر نہیں ہوگا۔

یہ کہہ کر سعدؓ نے جان دی''

آنحضرت ﷺ نے آپ کی وفات پر فرمایا

''خدا ان پر رحم فرمائے۔ انہوں نے زندگی میں بھی اللہ اور رسول کے لئے نصیحت کی اور مرتے وقت بھی'' (بحوالہ محمد رسول اللہ از محمد رضا قاہرہ اردو ترجمہ ص 392)

### حضرت خبیب بن عدی اور حضرت زید بن دثنہ

یہ صفر 4ھ کا واقعہ ہے جو واقعہ رجیع کے نام سے موسوم ہے۔ قبائل عضل اور قارۃ کے چند لوگ آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ ان کی قوم کے بہت سارے لوگ اسلام قبول کرنے کے لئے تیار ہیں۔ ہمارے ساتھ چند صحابہ روانہ کریں۔ خبیب بن عدی اور زید بن دثنہ سمیت دس آدمیوں کا ایک دستہ پہلے ہی قریش کی نقل و حرکت دریافت کرنے کے لئے تیار ہو رہا تھا جن کے سردار عاصم بن ثابت تھے۔ آنحضرت ﷺ نے ان کو عضل اور قارۃ کے لوگوں کے ساتھ بھجوایا۔ دراصل یہ ایک سازش تھی۔ ان لوگوں نے مکہ اور عسفان کے درمیان دو سو آدمیوں سے ان پر حملہ کروا دیا۔ انہوں نے مقابلہ کیا سات صحابہ شہید ہو گئے۔ تین کو انہوں نے دھوکے سے پکڑ لیا۔ تیر کمانوں کی تندیوں سے جکڑ کر باندھ لیا۔ ایک صحابی مقابلہ کرتے ہوئے شہید ہو گئے خبیب اور زید کو ان بدبختوں نے مکہ لے جا کر قریش کے ہاتھوں بیچ دیا۔ خبیب بن عدی کو مکہ کے ایک رئیس حارث بن عامر بن نوفل کے لڑکوں نے خرید لیا کیونکہ خبیب بن عدی کے ہاتھوں جنگ بدر میں حارث قتل ہوا تھا۔ زید بن دثنہ کو صفوان بن امیہ نے خرید لیا۔ اب یہ دونوں صحابی قریش کے پاس غلامی کی حالت میں قید تھے۔

### خبیب بن عدیؓ کے آخری لمحات

ایک دن خبیب نے حارث کی لڑکی سے اپنی ضرورت کے لئے ایک استرا مانگا اور اس نے دے دیا جب یہ استرا خبیب کے ہاتھ میں تھا تو بنت حارث کا ایک چھوٹا بچہ کھیلتا ہوں خبیب کے پاس آ گیا اور خبیب نے اسے اپنی ران پر بٹھا لیا۔ بنت حارث یہ دیکھ کر کانپ گئی خبیب نے کہا ''کیا تم یہ خیال کرتی ہو کہ میں اس بچے کو قتل کر دوں گا؟ یہ خیال نہ کرو۔ میں انشاء اللہ ایسا نہیں کروں گا'' وہ کہتی ہے کہ میں نے ایک دفعہ خبیب کے ہاتھ میں ایک انگور کا خوشہ دیکھا تھا جس سے وہ انگور کے دانے توڑ توڑ کر کھاتا تھا حالانکہ ان دنوں میں مکہ میں انگوروں کا نام و نشان نہ تھا۔ اور خبیب آہنی زنجیروں میں جکڑا ہوا تھا۔ وہ کہتی ہے کہ یہ خدا کی طرف سے رزق تھا جو خبیب کے پاس آتا تھا۔

### شہادت کا واقعہ

قریش کے رؤسا خبیب کو قتل کرنے کے لئے ایک کھلے میدان میں لے گئے انہوں نے مرنے سے پہلے دو رکعت نماز پڑھنے کی خواہش کی۔ نماز سے فارغ ہو کر انہوں نے کہا کہ میرا دل چاہتا تھا کہ اپنی نماز کو اور لمبا کروں لیکن پھر مجھے یہ خیال آیا کہ کہیں تم لوگ یہ نہ سمجھو کہ میں موت کو پیچھے ڈالنے کے لئے

باقی صفحہ 7 پر

# الفضل میگزین

نمبر 51

تحریر و ترتیب: فخر الحق شمس

## خدا کی کوئی صفت معطل نہیں

سیدنا حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:

اے سننے والو سنو! کہ خدا تم سے کیا چاہتا ہے- بس یہی کہ تم اسی کے ہو جاؤ- اس کے ساتھ کسی کو بھی شریک نہ کرو- نہ آسمان میں نہ زمین میں- ہمارا خدا وہ خدا ہے جو اب بھی زندہ ہے جیسا کہ پہلے زندہ تھا اور اب بھی وہ بولتا ہے جیسا کہ وہ پہلے بولتا تھا- اور اب بھی وہ سنتا ہے جیسا کہ پہلے سنتا تھا- یہ خیال خام ہے کہ اس زمانہ میں وہ سنتا تو ہے مگر بولتا نہیں بلکہ وہ سنتا اور بولتا بھی ہے- اس کی تمام صفات ازلی ابدی ہیں- کوئی صفت بھی معطل نہیں اور نہ کبھی ہوگی- وہ وہی واحد لاشریک ہے جس کا کوئی بیٹا نہیں اور جس کی کوئی بیوی نہیں-

(رسالہ الوصیت- روحانی خزائن جلد 20 ص 309)

## افضل الذکر کی صوتی لہریں

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث فرماتے ہیں:

''دورہ 1980ء کے دوران مجھے دو مرتبہ کشف میں ایک نظارہ دکھایا گیا کہ کائنات کی ہر شے خدا کی تسبیح اور اس کی وحدانیت کا ورد کر رہی ہے-

وہ واقعہ یوں ہے کہ میں سونے کی تیاری میں تھا لا الہ الا اللہ کا ورد کر رہا تھا- آنکھیں میری بند تھیں- مگر کشفی آنکھوں نے یہ نظارہ دیکھا کہ میرے آگے سے سمندر کی طرح کائنات کی ہر چیز ہلکے انگوری رنگ کے مائع کی صورت میں بہتی ہوئی گزر رہی ہے اور اس میں چھوٹے چھوٹے سفید چمکدار حصے تھے جو لا الہ الا اللہ کی صوتی لہریں تھیں-''

(ماہنامہ خالد نومبر، دسمبر 1980ء ص 7)

## عہدہ کی خواہش نہ کرو

''خدا تعالیٰ کی مخلوق کا انتظام ایسے لوگوں کے سپرد کرو جو اس کے اہل ہوں- کمیٹیوں میں ممبروں کا انتخاب سوچ سمجھ کر کرو-

حضرت نبی کریم ﷺ کے روبرو دو شخص آئے کہ ہمیں کام سپرد کیجئے- ہم اس کے اہل ہیں- فرمایا جن کو ہم حکم فرماویں- خدا ان کی مدد کرتا ہے- جو خود کام کو اپنے سر پر لے اس کی مدد نہیں ہوتی- پس تم عہدے اپنے لئے خود نہ مانگو-''

(حقائق الفرقان جلد دوم ص 30)

## اسیران راہ مولیٰ

عیاش بن ربیعہؓ ماں کی طرف سے ابوجہل کے بھائی تھے- اسلام لائے- اور ہجرت کر کے مدینہ کی نواحی بستی قبا پہنچے تو ابوجہل اور حارث بن ہشام وہاں آ گئے اور ان کو بہلا پھسلا کر مکہ لے آئے اور قید کر دیا-

حضرت سلمہ بن ہشامؓ بھی قدیمی مسلمانوں میں سے ہیں آپ ہجرت کر کے حبشہ چلے گئے تھے واپس آئے تو ابوجہل نے انہیں قید کر دیا- اور بھوکا اور پیاسا رکھا-

(صبر واستقامت کے شہزادے ص 30)

## جرمن قوم- ایک عظیم خوشخبری

1973ء کے دورہ جرمنی میں ٹیلی ویژن کے نمائندوں کو انٹرویو دیتے ہوئے حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے فرمایا:-

''آئندہ پچاس سال تک انشاء اللہ جرمن قوم (احمدیت) قبول کر لے گی- (دینی) نقطہ نگاہ اور سائنسی ترقی میں باہم کوئی تضاد نہیں- اس لئے ہمیں یقین ہے کہ ایک نہ ایک دن (دین حق) ضرور یورپ میں پھیل کر رہے گا آئندہ زمانہ میں اگر آپ نہیں تو آپ کے بچے ضرور (احمدیت) قبول کریں گے-

میں نے عرصہ ہوا خواب میں دیکھا کہ جرمن قوم کے دلوں پر (کلمہ طیبہ) لکھا ہوا ہے-

مجھے یقین ہے کہ یہ قوم بالآخر ضرور (احمدی) ہوگی''

(الفضل ربوہ 27 ستمبر 1973ء)

## لونگ (Clove)

سدابہار درخت (Eugenia Aromatica) اور اس کی بن کھلی کلیوں کا نام ہے- یہ ایک اہم مصالحہ ہے جو جزائر مولکا میں پایا جاتا ہے- کیل کی شکل کی سکھائی ہوئی کلیاں مٹھائیوں، پلاؤ اور گوشت میں خوشبو کے لئے ثابت یا پیس کر ڈالی جاتی ہیں- ان سے ایک طیران پذیر تیل حاصل ہوتا ہے جو دوا اور خوشبوؤں میں مستعمل ہے- دانت درد کے لئے بھی مفید ہے-

## سیرۃ النبیؐ کے جلسے

17 جون 1928ء کو جماعت احمدیہ کے زیر اہتمام سیرۃ النبیؐ کے بابرکت جلسوں کا آغاز ہوا-

ان جلسوں کی تحریک حضرت مصلح موعود نے اس وقت کی جب 1927ء میں ہندوؤں نے رسول کریم ﷺ کے خلاف کتابیں لکھیں- حضرت مصلح موعود نے فرمایا-

''لوگوں کو آپ پر (یعنی آنحضرت رسول کریم ﷺ پہ ناقل) حملہ کرنے کی جرات اس لئے ہوتی ہے- کہ وہ آپ کی زندگی کے صحیح حالات سے ناواقف ہیں- یا اس لئے کہ وہ سمجھتے ہیں دوسرے لوگ ناواقف ہیں اور اس کا ایک ہی علاج ہے- جو یہ ہے کہ رسول کریم ﷺ کی سوانح پر اس کثرت سے اور اس قدر زور کے ساتھ لیکچر دیئے جائیں کہ ہندوستان کا بچہ بچہ آپ کے حالات زندگی اور آپؐ کی پاکیزگی سے آگاہ ہو جائے- اور کسی کو آپ کے متعلق زبان درازی کرنے کی جرات نہ رہے جب کوئی حملہ کرتا ہے تو یہی سمجھ کر کہ دفاع کرنے والا کوئی نہ ہوگا- واقف کے سامنے اس لئے کوئی حملہ نہیں کرتا کہ وہ دفاع کر دے گا- پس سارے ہندوستان کے لوگوں کو رسول کریم ﷺ کی پاکیزہ زندگی سے واقف کرنا ہمارا فرض ہے اور اس کے لئے بہترین طریق یہی ہے کہ رسول کریم ﷺ کی زندگی کے اہم شعبوں کو لے لیا جائے- اور ہر سال خاص انتظام کے ماتحت سارے ہندوستان میں ایک ہی دن ان پر روشنی ڈالی جائے- تاکہ سارے ملک میں شور مچ جائے اور غافل لوگ بیدار ہو جائیں-''

(الفضل 10 جنوری 28ء)

## بھوکے رہ کر

1923ء میں ہندوستان میں کارزار شدھی گرم کیا گیا- تو احمدی مربیان کا یہ حال تھا کہ وہ تیز چلچلاتی دھوپ میں کئی کئی میل روزانہ پیدل سفر کرتے- بعض اوقات کھانا تو الگ رہا پانی بھی نہیں ملتا تھا- اکثر اوقات کچا پکا باسی کھانا کھاتے یا بھنے ہوئے چنوں پر گذارا کرتے اور پانی پی لیتے- بعض اوقات صرف ستو ہی میسر آتے- ان کو ہدایت تھی کہ کسی کی دعوت قبول نہ کریں- انہیں رات کو جہاں جگہ ملتی سو جاتے دن کو سامان اٹھاتے سفر کرتے رہتے اور کسی پر کھانے کا بوجھ نہیں ڈالتے تھے-

(تاریخ احمدیت جلد 8 ص 342)

## جاپان

سب وے یعنی انڈر گراؤنڈ گاڑی کا سفر سب سے اچھا، آرام دہ اور سستا رہتا ہے جو مسافت کار میں ڈیڑھ گھنٹے میں طے ہوتی ہے، ٹریفک، یک طرفہ راستوں اور لال سبز بتیوں کی وجہ سے، یہاں دس پندرہ منٹ کی راہ ہے، سردی سے بھی بچتے ہیں، ان گاڑیوں کے دروازے چلتے وقت خود بخود بند ہوتے ہیں اگر کوئی چیز دروازوں کے بیچ میں آ جائے اور دروازہ بند نہ ہو سکے تو گاڑی بھی نہیں چل سکتی، ٹیکسیوں میں بھی یہی انتظام ہے کہ ڈرائیور یا مسافر کو تکلیف نہیں کرنی پڑتی- ڈرائیور بٹن دباتا ہے تو گاڑی کے دروازے کھل جاتے ہیں اور بند ہو جاتے ہیں بلکہ ڈگی کو کھولنے بند کرنے کے لئے بھی بٹن دباتے ہیں، آپ کی گاڑی کوئی اٹھا کر نہ لے جائے گا جس کی وجہ جاپانیوں کی ایمانداری کے علاوہ یہ بھی ہے کہ یہاں سیکنڈ ہینڈ کار ہزار دو ہزار روپے میں آ جاتی ہے اور اچھی خاصی، یہ میری شاندار مارک-II کار یہاں کے حساب سے چار ہزار روپے کی جانو، ہم نے کہا یہ بات ہے تو ہمارے ملک میں یہی سیکنڈ ہینڈ کاریں کیوں درآمد نہیں کی جاتیں، زرمبادلہ بچتا، آخر پرانے کوٹ ہم منگاتے ہی ہیں اور نئی کار بھی تو دو دن میں سیکنڈ ہینڈ ہو ہی جاتی ہے، ہم پوچھتے ہیں کیوں صاحب مفت کے داموں یہ کاریں ملتی ہیں تو کیوں نہیں یہاں منگا کر لوگوں کو دس دس ہزار روپے میں دی جاتیں تاکہ متوسط طبقے کے مسائل حال ہوں ہاں اس سے کسی کے مفاد پر زد پڑتی ہے تو اور بات ہے-

(ابن انشاء کے سفرنامے ''نگری نگری پھرا مسافر'' سے انتخاب)

غضب کیا ترے وعدے پہ اعتبار کیا ۔ تمام رات قیامت کا انتظار کیا
کسی طرح جو نہ اس بت نے اعتبار کیا ۔ مری وفا نے مجھے خوب شرمسار کیا
نہ اس کے دل سے مٹایا کہ صاف ہو جاتا ۔ صبا نے خاک پریشاں مرا غبار کیا
نہ پوچھ دل کی حقیقت مگر یہ کہتے ہیں ۔ وہ بے قرار رہے جس نے بے قرار کیا
وہ بات کر جو کبھی آسماں سے ہو نہ سکے ۔ ستم کیا تو بڑا تو نے افتخار کیا

(داغ دہلوی)

# ملکی خبریں
ملکی ذرائع ابلاغ سے

ربوہ:18-اپریل-گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں کم از کم درجہ حرارت 15 زیادہ سے زیادہ 20 درجے سنٹی گریڈ

☆ جمعرات 19-اپریل غروب آفتاب:6.42

☆ جمعہ 20-اپریل طلوع فجر: 4-06.

☆ جمعہ 20-اپریل طلوع آفتاب:5.32

## پاک چین دوستی امن کی ضمانت ہے

چین نے کہا ہے کہ وہ پاکستان کے ساتھ دوستی کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور نئی صدی میں دوطرفہ تعلقات کے فروغ کے لئے مختلف شعبوں میں تعاون چاہتا ہے- پاکستان اور چین مختلف سماجی نظام رکھنے کے باوجود پر امن بقائے باہمی' مفاہمت' اعتماد اور ایک دوسرے کی حمایت جیسے رہنما اصولوں پر عمل پیرا ہیں- ان خیالات کا اظہار چین کے وزیر خارجہ تانگ جیا گزن نے چین کے دورے پر آئے پاکستان کے وزیر خارجہ عبدالستار نے کیا

## سائنسی تعلیم کے فروغ میں خصوصی دلچسپی

چیف ایگزیکٹو نے کہا ہے کہ حکومت ملک میں سائنس و ٹیکنالوجی کی تعلیم کے فروغ کی طرف خصوصی توجہ دے رہی ہے' نیشنل یونیورسٹی آف سائنس و ٹیکنالوجی ملک میں سائنسی تعلیم کے فروغ میں اہم کردار ادا کر رہی ہے-

## ربوہ اور گردونواح میں موسلا دھار بارش

18-اپریل-پاکستان کے مختلف شہروں میں بالعموم اور ربوہ اور اس کے گردونواح میں بالخصوص ایک لمبا عرصہ سے موسم خشک چلا آ رہا ہے- آج صبح ساڑھے آٹھ بجے ربوہ اور اس کے گردونواح میں موسلا دھار بارش سے ہر طرف جل تھل ہو گیا- اڑھائی گھنٹے بعد تادم تحریر بارش کا سلسلہ جاری ہے-

## ڈبل سواری پر پابندی کب اٹھائی جائے گی

لاہور ہائی کورٹ کے مسٹر جسٹس چوہدری اعجاز احمد اور مسٹر جسٹس میاں ثاقب نثار پر مشتمل ڈویژن بنچ نے پنجاب میں ڈبل سواری پر پابندی کے خلاف ایم ڈی طاہر ایڈووکیٹ کی رٹ درخواست کی سماعت کے بعد پنجاب حکومت کو 3 مئی کو اس بارے میں مفصل وضاحت پیش کرنے کی ہدایت کی ہے کہ آیا حکومت نے ڈبل سواری پر پابندی ختم کرنے کا فیصلہ کیا ہے یا نہیں اور اگر فیصلہ نہیں کیا گیا تو حکومت کی جانب سے کب تک یہ پابندی اٹھالی جائے گی-

## ہمارا ایجنڈا سبوتاژ کرنا آسان نہیں

چیف ایگزیکٹو نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت ملک کو معاشی طور پر مضبوط اور قوم کو خوشحال بنانے کے پروگرام پر عمل پیرا ہے اور اس کے لئے بہتر منصوبہ بندی کر رہے ہیں-

## ہماری ٹیم کو ہارنا نہیں چاہئے تھا

چیف ایگزیکٹو نے کہا ہے کہ قومی کرکٹ ٹیم کو نیوزی لینڈ کے دورے کے دوران نہیں ہارنا چاہئے تھا- ہماری قوم قومی کرکٹ ٹیم کو ہارتا ہوا نہیں دیکھ سکتی- شارجہ کپ میں قومی ٹیم کی کارکردگی بہتر ہے- انشاءاللہ شارجہ کپ کا فائنل جیتیں گے- اور سیف گیمز شایان شان طور پر کرائیں گے- وہ راولپنڈی گاف کلب کی ایک تقریب میں اخبار نویسوں سے بات چیت کر رہے تھے-

## ضلعوں کی سطح پر اہم نامزدگیاں

پنجاب حکومت نے لاہور کے سوا تمام ڈویژنل کمشنروں کو ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن افسر لگانے اور 14-اگست تک ڈپٹی کمشنروں کو مرحلہ وار واپس بلانے کا فیصلہ کیا ہے- حکومتی ذرائع کے مطابق گورنر پنجاب نے ضلعوں کے ڈی سی اوز لگانے کے لئے ناموں کو حتمی شکل دے دی ہے اور اب مختلف ایجنسیاں ان ناموں کی کلیرنس کے لئے کام کر رہی ہیں-

## قومی معیشت کی ترقی اور وسائل میں اضافہ

چیف ایگزیکٹو نے وزارت خزانہ اور سی بی آر کو قومی معیشت کی ترقی اور وسائل میں اضافہ کے لئے ڈاکومینٹیشن آف اکانومی کے عمل کو مزید وسعت دینے کی منظوری دے دی ہے تاکہ صنعت و تجارت کے زیادہ سے زیادہ شعبوں کو بالواسطہ اور بلاواسطہ طریقے سے ٹیکس نیٹ میں لایا جائے-

## چکوال میں حادثہ 8 مسافر ہلاک

ضلعی کمپلیکس کے بالکل سامنے دو مسافر بسوں کے خوفناک تصادم میں 8-افراد ہلاک جبکہ 45 شدید زخمی ہو گئے ہیں- تفصیلات کے مطابق کراچی سے چکوال آنے والی ائرکنڈیشنڈ بس جب ضلعی کمپلیکس کے سامنے پہنچی تو چکوال سے تلہ گنگ جانے والی تیز رفتار بس اس کے ساتھ جا ٹکرائی جس سے 8 مسافر موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے جبکہ 45 مسافر جن میں عورتیں اور بچے بھی شامل ہیں شدید زخمی ہو گئے- زخمیوں کو بس سے کاٹ کر نکالا گیا- اطلاع ملتے ہی زخمیوں کو ہسپتال پہنچایا گیا-

## زرمبادلہ بھجوانے کا ہدف مقرر کیا جائے گا

وفاقی وزیر خزانہ شوکت عزیز نے کہا ہے کہ بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی سالانہ آمدن تقریباً 7-ارب ڈالر ہے جو پاکستان کے خام ملکی پیداوار (جی ڈی پی) کے برابر ہے- پی ٹی وی کے ایک پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو رقوم بھیجنے کے سلسلے میں درپیش مشکلات کے خاتمہ کے لئے قائم کردہ ٹاسک فورس کی سفارشات پیش کر دی گئی ہیں- ایک سوال کے جواب میں وزیر خزانہ نے کہا کہ بیرون ملک پاکستانی سفیروں کو اب زرمبادلہ کے ٹارگٹ بھی دیئے جائیں گے- جہاں جہاں پاکستانی مقیم ہیں ان سفارتخانوں کو ہر سال زرمبادلہ میں ایک خاص حد سے اضافہ کرنے کے لئے اقدامات کرنے کی بھی ہدایت جاری کی جائے گی-

## پائلٹوں کی ہڑتال سے 90 کروڑ کا نقصان

پی آئی اے کارپوریشن کے بورڈ کا اجلاس ہوا جس میں مینیجنگ ڈائریکٹر احمد سعید نے پائلٹوں کے ساتھ مذاکرات کے بارے میں آگاہ کیا- بورڈ کو بتایا گیا کہ ایک دو روز میں کسی حتمی فیصلے کا اعلان کیا جائے گا- اجلاس میں بتایا گیا کہ گیارہ روزہ احتجاج سے 90 کروڑ روپے سے زائد کا نقصان ہو چکا ہے- جبکہ اندرون و بیرون ملک لاکھوں مسافروں کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑا-


**میٹرک کے امتحانات سے فارغ طلباء و طالبات کیلئے وقت کا بہترین مصرف**

مورخہ 23 اپریل بروز سوموار سے نئی کلاسز شروع ہو رہی ہیں اندرون اور بیرون ملک کام آنے والے ڈپلومہ اور شارٹ کورسز میں داخلے کی آخری تاریخ 22 اپریل بروز اتوار ہے- طالبات کے لئے علیحدہ لیب اور کلاسز (صبح و شام)- نیشنل کمپیوٹر کالج اس وقت نہ صرف کئی قسم کے کمپیوٹر کورسز OFFER کر رہا ہے بلکہ انگلش لینگوئج اسپیکنگ ... OFFER کرتا ہے-

مزید معلومات بذریعہ فون: 212034 یا کالج واقع 23-شکور پارک ربوہ سے حاصل کی جا سکتی ہیں-


**خط و کتابت کرتے وقت**
**چٹ نمبر کا حوالہ ضرور دیں**


**حبوب مفید اٹھرا**

چھوٹی-/50 روپے-بڑی-/200 روپے

تیار کردہ: ناصر دواخانہ رجسٹرڈ گولبازار ربوہ

04524-212434 Fax:213966

**2 عدد مکان برائے فروخت**

رقبہ 1-1 کنال بالکل نئے تعمیر شدہ بجلی' پانی' گیس اور ٹیلی فون کے ساتھ دیگر سہولیات بھی میسر ہیں- واقعہ دارالصدر غربی ربوہ فوری رابطہ

سلطان محمود ناصر 5/38 فیکٹری ایریا ربوہ 213558

اکبر احمد 32/4 دارالصدر غربی ربوہ فون 212866

**ہمارے ریٹ**

دیسی گھی-/110 روپے فی کلو تھوک

دیسی گھی -/120 روپے فی کلو پرچون

**خان ڈیری انڈسٹریز**

38/1 دارالفضل ربوہ فون 213207

For Genuine TOYOTA Parts

**AL-FURQAN**

MOTORS PVT LIMITED

Ph:
021-7724606
7724607, 7724609

47- Tibet Centre
M.A. Jinnah Road,
KARACHI



TOYOTA, DAIHATSU

ٹویوٹا گاڑیوں کے ہر قسم کے اصلی پرزہ جات درج ذیل پتہ پر حاصل کریں

**الفرقان موٹرز لمیٹڈ**

فون نمبر
021-7724606
7724607
7724609

47-تبت سنٹر ایم اے جناح روڈ کراچی نمبر 3


CPL 61